5th Semester

اردو داستان اور ناول فکری و فنی مباحث (Urdu Dastan and Novel Themes and Art)

کریڈٹ آورز: ۳	سمسٹر 5	کورس کوڈ: BSU-301

تعارف:

داستان اور ناول کی اہمیت مسلمہ ہے۔ داستان میں رزم، بزم اور طلسم کے امتزاج سے جہاں انسانی تخیل کی تربیت کی جاتی ہے۔ وہاں تہذیب و تمدن کی روشنی سے بھی انسانی ذہن کو منور کیا جاتا ہے۔ اس لیے زیرِ نظر نصاب میں داستان کی روایت کے تناظر میں اردو داستان کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالی جائے گی۔ناول کی صنف مغرب سے اردو ادب میں متعارف ہوئی مگر اس کے پسِ پردہ بھی داستان کی عظیم الشان روایت کے نقوش دکھائی دیتے ہیں۔ اس پرچے میں داستان کے ساتھ ساتھ ناول کے فن اور اس صنف کے ارتقا پر روشنی ڈالی جائے گی اور ناول کی صنف میں مختلف ادوار میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کو بیان کیا جائے گا۔ ناول نے سماجی، تہذیبی، سیاسی اور نفسیاتی حوالے سے کہانی کے فن کو نئی رفعتوں سے ہم کنار کیا ہے۔ اس پرچے میں نئی نسل کو داستان اور ناول کے حوالے سے بنیادی معلومات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کے تنقیدی شعور کو بھی صیقل کیا جائے گا۔

مقاصد:

-1 داستان کی روایت سے آگہی
-2 داستان کی تہذیبی اہمیت کو اجاگر کرنا
-3 ناول کے فن سے آگہی
-4 ناول کے فن کا زندگی سے تعلق استوار کرکے دیکھنا
-5 اردو ناولوں کے ساتھ ساتھ دوسری زبانوں میں لکھے گئے معروف ناولوں کا تعارف

تفصیل کورس

.1 داستان

1.1	میر امن	باغ و بہار
1.2	رجب علی بیگ سرور	فسانۂ عجائب

.2 ناول

2.1	نذیر احمد	ابن الوقت
2.2	رتن ناتھ سرشار	جامِ سرشار
2.3	عبدالحلیم شرر	فردوسِ بریں
2.4	مرزا محمد ہادی رسوا	امراؤ جان ادا
2.5	قرۃ العین حیدر	آخرِ شب کے ہم سفر

Teaching-learning Strategies: **Lecturing, Explicit Instruction, Effective Questioning Techniques, Metacognition**

- Assessment and Examinations:

مجوّزہ کتب:

احسن فاروقی، ڈاکٹر ۔ اردو ناول کی تنقیدی تاریخ۔ لاہور: سندھ ساگر اکیڈمی، ۱۹۶۸ء
ارتضیٰ کریم، ڈاکٹر، مرتب۔ قرۃ العین حیدر: ایک مطالعہ۔ دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، ۱۹۹۲ء
انیس ناگی۔ نذیر احمد کی ناول نگاری۔ لاہور: فیروز سنز، ۱۹۶۵ء۔
زہرہ معین۔ باغ و بہار کا تنقیدی و کرداری مطالعہ۔ لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز ، ۱۹۸۵ء
سہیل بخاری۔ اردو داستان: تحقیقی و تنقیدی مطالعہ۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۷ء
عظیم الشان صدیقی۔ اردو ناول: آغاز و ارتقا۔ دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، ۲۰۰۸ء
فیروز مکر جی۔ لکھنؤ اور سرشار کی دنیا، مترجمہ مسعود الحق۔ کراچی: آج کی کتابیں، ۲۰۰۰ء
گیان چند جین، ڈاکٹر ۔اردوکی نثری داستانیں۔ کراچی: انجمن ترقی اردو، ۲۰۰۸ء
ممتاز منگلوری۔ شرر کے تاریخی ناول اور ان کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ۔ لاہور: مکتبہ خیابان ادب، ۱۹۷۸ء

میمونہ انصاری۔ مرزا محمد ہادی مرزا او ررسوا۔ لاہور: مجلس ترقی ادب، ۱۹۶۳ء۔
نیر مسعود، ڈاکٹر ۔ رجب علی بیگ سرور : حیات اور کارنامے۔ الہ آباد: شعبہ اردو، الہ آباد یونیورسٹی، ۱۹۶۷ء۔